Evening Urdu News Bulletin

Dated: 09 July 2026 Time: 07:40 PM

آداب :یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔خبروں کا بلیٹن لیکر مینشیخ یاسین

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں

*.... ہندآسٹریلیا سربراہ اجلاس میں وزیراعظم نریندر مودی کی شرکت //علاقائی استحکام کو مضبوط بنانے پر دونوں ممالک کا اتفاق۔

*....مرکزی وزیر داخلہ نے جموں وکشمیر سمیت ملک کی سرحدی ریاستوں اور یوٹیز کے ایس ایس پیز کے ساتھ منعقدہ کانفرنس میں لیا سلامتی صورتحال کاتفصیلی جائزہ۔

*.... لیفٹنٹ گورنر نے پانتھ چوک میں یاتری نواس مینانتظامات کا لیا جائزہ//یاتریونکے روحانی سفر اور جموں کشمیر میں ان کے قیام کو یادگار بنانے پردیازور۔

اور

*....جموں وکشمیر میں معیار پر مبنی سیاحت کو دیاجارہاہے فروغ//پائیدار سیاحت سے متعلق کنکلیو سے وزیراعلیٰ کا خطاب۔

آسٹریلیاPM

Anthony اس سے پہلے وزیراعظم نریندر مودینے آج آسٹریلیا کے اپنے ہم منصب سے تیسرے بھارت۔آسٹریلیااجلاس میں شرکت کی۔Albanese

اجلاس کے اختتام پر دونوں لیڈروں نے ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔دونوں لیڈروں نے علاقائی استحکام، توانائی کے تحفظ اور ٹیکنالوجی کی اختراعیت کو فروغ دینے کیلئے اتفاق کیا۔

ہندبحرالکاہل خطے میں امن واستحکام کو یقینی بنانے کیلئے دونونلیڈروں نے دفاع اور سلامتی شراکت داری کے علاوہ سالانہ بنیادوں پر وزرائے دفاع کی میٹنگ پر اتفاق کیا۔

نریندر مودی نے اس موقعے پر کہا کہ بھارت اور آسٹریلیا کی شراکت داری ایک اصلاحاتی اور ہائی ٹیک دور میں داخل ہوئی ہے۔

نریندر مودی

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ 21ویں صدی کا بھارت ایک ترقی یافتہ ملک بننے کی راہ پر گامزن ہے۔ ملک کی امنگوں کو ظاہر کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ آج کا بھارت ایک ایسی قوم ہے جو کہ زیادہ ترقی اور زیادہ حصولیابیوں میں یقین رکھتا ہے۔

آسٹریلیاکے ملبورن میں بھارتی برادری کے ایک جلسے سے خطاب کرتے ہوئے ، گزشتہ 12برس میں آج کے اپنے تیسرے دورے کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا یہ آسٹریلیا میں ان کی ہیٹرک ہے، جو بھارت اور آسٹریلیا کے تعلقات میں مضبوطی کے اعتبار سے نئی بلندیوں کی عکاس ہے۔

اس تقریب سے آسٹریلیا کے ان کے ہم منصب انتھونی ایلبنیز نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس تقریب میں لوگوں کی شرکت ہند۔آسٹریلیا شراکت داری کی غماز ہے۔انہوں نے کہا کہ پروگرام میں دونوں ممالک کے لوگونکی پُر جوش شرکت، آپسی تعلقات میں مزید لچک لانے کی تحریک دیتی ہے۔

امت شاہ

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج قومی راجدھا نی نئی دلی میں جموں وکشمیر سمیت دیگر سرحدی ریاستوناور مرکزی کے زیر انتظام علاقوں کے سبھی ایس ایس پیز کے ساتھ ایک کانفرنس منعقد کی،جس دوران انہوں نے ان خطوں کی مجموعی سیکورٹی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔

جموں وکشمیر کے علاوہ اس اعلیٰ سطح کی میٹنگ میں پنجاب، اتراکھنڈ، راجستھان، گجرات، اُترپردیش، بہار، مغربی بنگال اور شمال مشرقی ریاستوں کے ایس ایس پیز نے حصہ لیا۔جبکہ اس میٹنگ میں امور داخلہ کی وزارت سے جڑے سینئر عہدیدار بھی موجود تھے۔

میٹنگ میں ملک کی سرحدی سلامتی کے فریم ورک کو مضبوط کرنے اور حساس سرحدی خطوں کی موجودہ سلامتی صورتحال نیز اس میں بہتری لانے کے امکانات پر توجہ مرکوز رہی۔

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ بھگوان شِو کے سبھی بھگتونکی مناسب خدمت ہوسکے۔ پنتھ چوک سرینگر میں واقع یاتری نواس کا دورہ کرنے کے موقعہ پر منوج سنہا نے کہا کہ کسی بھی یاتری کو کسی طرح کی دقت کا سامنا نہیں کرنا پڑنا چاہئے۔ لیفٹنٹ گورنر نے کیمپ میں یاتریوں کیلئے دستیاب سہولیات کا برسر موقعہ جائزہ لیا ۔ انہوننے کہا کہ یہ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہونی چاہئے کہ جموں کشمیر میں یاتریوں کا قیام آرام دہ اور یادگار ہو۔

منوج سنہا نے کہا کہ
گ

---

زشتہ ایک ہفتے کے اعداد وشمار اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ اس سال شردھالوؤں کی تعداد © گزشتہ برس کے مقابلے میں کافی زیادہ رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ علامت ہماری روحانی ثقافت کیلئے ہی ایک نیک شگون نہیں ہے بلکہ یہ جموں کشمیر میں سیاحت کیلئے ایک خوشگوار نشانی ہے، جس کی بدولت یہاں کی مقامی معیشت پر اچھے اثرات مرتب ہونگے۔

یاترا

سالانہ شری امرناتھ جی یاتراخوش اسلوبی سے جاری ہے اور اب تک لگ بھگ ایک لاکھ 50ہزار یاتریوں نے پوتر گپھا میں شیو لنگم کے درشن کئے ہیں۔ آج شام 5بجے تک مزید 27ہزار378یاتریوننے گپھا میں حاضری دی۔

دریں اثناءآج بھگوتی نگر جموں کے بیس کیمپ سے آج صبح 8ہزار 150یاتریوں پر مشتمل ایک اور جتھہ روانہ ہوکر وادی پہنچ گیا ہے۔ان میں سے 3ہزار 445 یاتری بال تل جبکہ 4ہزار 750یاتری پہلگام کے راستے یاترا کررہے ہیں۔

پنجترنی

اس دوران پنجترنی پہلگام کی ٹینٹ یونین نے کہاہے کہ اس نے یاتریوں کو اپنی طرف سے مفت ٹینٹ کی سہولت دستیاب رکھی ہے۔

ہمارے نمائندے تصدق رشید نے خبر دی ہے کہ یونین نے ضلع انتظامیہ کے تعاون سے کئی یاتریوں کو اب تک مفت ٹینٹ کی سہولت مہیا کی ہے۔

وزیراعلیٰ

وزیراعلیٰ عمرعبداللہ نے کہا ہے کہ جموں وکشمیر میں مقدار کے بجائے معیار پر مبنی سیاحت کو فروغ دیاجارہاہے تاکہ پائیدار سیاحتی اور معاشی ترقی کو یقینی بنایاجاسکے۔

ایس کے آئی سی سی سرینگر میں "پائیدار سیاحت" سے متعلق ایک کنکلیو سے خطاب کرتے ہوئے عمرعبداللہ نے کہا کہ جموں وکشمیر کے قدرتی سیاحتی مقامات کے تحفظ کیلئے جامع منصوبہ بندی اور مقامی آبادی کی فعال شراکت داری ناگزیر ہے۔ وزیراعلیٰ نے تمام سیاحتی مقامات پر بنیادی اور ضروری سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے پر زور دیا۔

عمر عبداللہ نے کہا کہ سیاحتی مقامات کے ماسٹر پلان ماحولیاتی کی دیرپائیت کے ساتھ ہم آہنگ ہونے چاہئے۔ انہوں نے ماحولیاتی اعتبار سے حساس مقامات پر سیاحوں کی تعداد منضبط کرنے پر بھی زور دیا۔

فاروق شاہ

اس موقعے پر ایم ایل اے گلمرگ فاروق احمد شاہ بھی موجود تھے۔ میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

سی ایم وفود

وادی کے مختلف علاقوں سے آئے کئی وفود نے آج رابطہ دفتر سرینگر میں وزیراعلیٰ عمرعبداللہ کے ساتھ ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ نے وفود کے جائز مطالبات کو مرحلہ وار بنیادوں پر پورا کرنے کا یقین دلایا۔

سکینہ ایتو

طبقے کے طالب علموں کا فیس معاف کرنے کے فیصلے کی AAY جموں کشمیر سرکار کی طرف سے سے تعلق رکھنے AAY عوامی سطح پر وسیع پذیرائی کی جارہی ہے۔ لوگوں کا کہنا ہے کہ اس اقدام سے والے پسماندہ طبقے کے طالب علموں کے ساتھ ساتھ ان کے والدین کو کافی راحت ملے گی۔

واضح رہے کہ وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے یہ اعلان کرتے ہوئے کہا کہ جمونوکشمیر کے سرکاری اسکولونمیں زیر تعلیم نویں سے بارہویں جماعت تک اور ڈگری کالجوں میں طبقے کے طلباءکا پورا فیس معاف کیا جائے گا۔AAY تعلیم حاصل کررہے

انہوں نے کہا کہ اس تاریخی فیصلے سے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی طرف سے کئے گئے ایک اوروعدہ پوراہو گیا ہے۔

ستیش شرما

خوراک، شہری رسدات اور امور صارفین کے وزیر ستیش شرما نے پنجاب سرکار کے ساتھ اعلیٰ سطح کی سلسلہ وار میٹنگوں کے دوران جموں وکشمیر کے کوٹھدارونکے کئی مسائل حل کرکے اہم کامیابی حاصل کی ہے۔

میٹنگوں کے تناظر میں اس تجارت سے وابستہ افراد کے تشویشوں کی چارہ جوئی کےلئے فوری احکامات جاری کئے گئے۔ وزیرموصوف نے پنجاب کے اپنے ہم منصب کے علاوہ وہاں کے چیف سیکریٹری نیز سائنس وٹیکنالوجی اور محکمہ دیہی ترقی کے سیکریٹریوں کے ساتھ بھی میٹنگیں کیں۔

میٹنگ میں لائیوسٹاک کی آسان ترسیل یقینی بنانے کا معاملہ زیر غور رہا۔

ملاقات

پانپور کے ایم ایل اے حسنین مسعودی اور سوپور کے ایم ایل اے ارشاد رسول کار نے آج سرینگر میں زراعت، پنچایتی راج اور امداد باہمی کے وزیر جاوید احمد ڈار سے ملاقات کی۔

اس دوران دونوں ارکان قانون سازیہ نے اپنے اپنے اسمبلی حلقوں سے جڑے عوامی اور ترقیاتی نوعیت کے معاملات اٹھائے۔

کمیٹی میٹنگ

سرکاری یقین دہانیوں سے متعلق جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کی کمیٹی کی ایک میٹنگ آج کمیٹی کے چیئرمین علی محمد ساگر کی صدارت میں منعقد ہوئی۔

میٹنگ کے دوران محکمہ تعمیرات عامہ سے متعلق سرکار کی طرف سے کرائی گئی یقینی دہانیوں پرعمل آوری کی اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیاگیا۔

میٹنگ میں کمیٹی کے سبھی ارکان موجود تھے۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹرفاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ ہندو مسلم سنگھ اتحاد جموں کشمیر کی اصل طاقت اور شناخت ہے۔ سرینگرمیں پارٹی ہیڈ کوارٹر پر نیشنل کانفرنس کی اقلیتی سیل کے صوبہ کشمیر کے ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ڈاکٹر عبداللہ نے کہا کہ این سی نے ہمیشہ اقلیتوں کو تعمیر وترقی میں شامل رکھا اور برابر کی نمائندگی دی ہے۔

یہ اجلاس اقلیتی سیل کے کنونیئر جگدیش سنگھ آزاد کی نگرانی میں منعقد ہوا۔

اسی دوران نیشنل کانفرنس کے نائب صدر اور ایم ایل اے لالچوک احسان پردیسی نے پارٹی کی مضبوطی کیلئے عوامی رابطہ کاری میں تیزی اور بہتر تال میل پرزور دیاہے۔

وہ پارٹی ہیڈ کوارٹر میں حلقہ انتخاب لالچوک کے پارٹی کارکنوں اور عہدیداروں کے اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔

ست شرما

پریش بی جے کے صدر اور راجیہ سبھا کے ممبر ست شرما نے آج پارٹی ہیڈکوارٹر جموں میں بی جے پی سے وابستہ سینئر لیڈروں کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔

انہوں نے جموں وکشمیر کی موجودہ سماجی وسیاسی صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد عوامی رابطہ کاری کو تیز کرنے اور لوگوں کے مفادات کی حفاظت کیلئے پارٹی کی حکمت عملی پر تبادلہ

---

خیال کیا۔ ۃ

اشوک کول

پردیش بی جے پی کے تنظیمی امور کے جنرل سیکریٹری نے آج کرناہ میں منعقد کردہ میٹنگوں کے دوران پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں اور بی جے پی کو زمینی سطح پر مزید مضبوط کرنے کی حکمت عملیوں پر متعلقین کے ساتھ تفصیلی تبادلہ

---

خیال کیا۔ ۃ

میٹنگ میں پردیش بی جے پی کے سیکریٹری مدثر وانی اور ضلع صدر کپوارہ سید رفیق شاہ کے علاوہ کرناہ حلقے کے حلقہ صدر امتیاز میربھی موجود تھے۔

اشوک کول نے بعد میں سادناہ ٹنل کے مجوزہ مقام کا بھی دورہ کیا۔

عرس

بلندپایہ

---

ولی حضرت سید قمرالدین صاحب رحمت اللہ علیہ کا سالانہ عرس کل یعنی 10 جولائی کو منایاجارہاہے۔ ۃ

اس سلسلے میں اُن کے آستان عالیہ واقع شیرگڑھی جہانگیرچوک سرینگرمیں نماز جمعہ دوپہر اڑھائی بجے ادا کی جائے گی۔

اس موقعے پر علمائے دین اولیائے کرام کی سیرت بیان کریں گے۔

تعزیت

محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ کی ڈائریکٹر شریا سنگھل کی صدارت میں آج ایک تعزیتی اجلاس منعقد ہوا جس دوران محکمہ کے ایک آفیسر مَجیب احمد کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیاگیا جن کے فرزند کا انتقال ہوگیا ہے۔

اجلاس میں مرحوم کے لئے ایصال ثواب اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی گئی۔

ورکشاپ

کیمپس اومپورہ بڈگام میں آج ”میرا ریشم میرا ابھیمان“ کے تحت NIFTسینٹرل سلک بورڈ کی طرف سے ایک تربیتی ورکشاپ منعقد کیا گیا۔

ورکشاپ میں جموں وکشمیر ، پنجاب، ہریانہ، اُتراکھنڈ اور ہماچل پردیش سے تعلق رکھنے والے 60سے زائد افسروں نے شرکت کی۔

پولیس کارروائیاں

نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان کے تحت کولگام پولیس نے آج قریب ایک کروڑ روپے مالیت کے رہائشی مکان کو سربمہر کیا۔

کے تحت ضبط کی گئی منشیات کی کچھ مقدار کو تلف کیا اور منشیات کے NDPS پلوامہ پولیس نے خلاف قطعاً برداشت نہ کرنے کی پالیسی پر کاربند رہنے کا عزم دہرایا۔

کے ایک معاملے کی تحقیقات کے سلسلے میں آج ضلع کے کئی مقامات پر UAPA بارہمولہ پولیس نے تلاشی کی کارروائیاں عمل میں لائیں۔

گاندربل پولیس نے معدنیات کی غیر قانونی ترسیل میں استعمال ہونے والی دوگاڑیوں کو ضبط کیا ہے۔

احتجاج

کشمیر ایپل فارمرس فیڈریشن کے ممبران نے آج کولگام میں احتجاج کیا۔ فیڈریشن کے ممبران حالیہ موسمی صورتحال سے میوہ باغات کو ہوئے نقصان کی سرکار سے بھرپائی کا مطالبہ کررہے تھے۔

ہمارے نمائندے خورشید پڈرو کے مطابق مظاہرین نے فصل بیمہ یوجنا کو لاگو کرنے اور کسانوں کے قرضے معاف کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔

کمین گاہ

پولیس نے جموں صوبے کے کٹھوعہ ضلع میں دہشت پسندوں کی ایک کمین گاہ کا پتہ لگاکر وہاں سے کچھ اسلحہ برآمد کیا ہے۔

ہمارے جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ ایک مصدقہ اطلاع ملنے کے بعد پولیس نے مذکورہ کمین گاہ سے 2ہینڈگرینیڈ برآمد کئے۔

اس دوران بی ایس ایف نے ہیرانگر سیکٹر میں 45سالہ پریم نامی ایک مشکوک شخص کو حراست میں لیکر پولیس کے حوالے کیا۔

کرائم برانچ

جموں وکشمیرمیں نشہ مُکت جموں وکشمیرابھیان کے تحت منشیات مخالف سرگرمیاں جاری ہیں اور یوٹی کو اس بدعت سے پاک کرنے کیلئے تمام اقدامات کئے جارہے ہیں۔

کرائم برانچ کی اقتصادی جرائم سے متعلق ونگ نے اینٹی نارکوٹکس ٹاسک فورس کشمیر کے لاسی پورہ پلوامہ میں کافی مقدار میں نشیلی اشیاءکو تباہ کردیا۔IGC اشتراک سے

نے مختلف آپریشنو ں کے دوران ضبط کی گئی تھیں۔ANTFیہ اشیاء

محکمہ موسمیات نے جموں کشمیر میں اگلے چوبیس گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں گرج چمک کے ساتھ ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کاامکان ہے۔

سرینگر میں آج دن کازیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32.6 جبکہ رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18.6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اُدھر جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35.5اور رات کا کم سے کم درجہ حرارت21.7ڈگری سیلسیس درج کیاگیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ